www.saharaexpressdaily.com saharaexpressdelhi123@gmail.com ● saharaexpress123@gmail.com ● saharaexpressnews@gmail.com




# روزنامہ سہارا ایکسپریس دہلی

# SAHARA EXPRESS,DELHI

Urdu Daily Published From Delhi,Patna&Ranchi

TITLE APPLY Vol:01 Issue:29 30.01.2025 **THURSDAY** Re.02 Page:08 08:صفحات جلدنمبر:01 شمارہ:۲۹/جمعرات/۳۰/جنوری ۲۰۲۵/مطابق/۲۹رجب المرجب/۱۴۴۶ھ/

# مہا کمبھ میں بھگدڑ، 30 کی موت، 60 زخمی



مہا کمبھ نگر: 29 جنوری (یواین آئی) مونی اماوسیہ پر بدھ کو بیریکیڈنگ ٹوٹنے کے حادثے کے بعد مچی بھگدڑ میں 30 عقیدت مندوں کی موت ہوگئی جبکہ دیگر 60 زخمی ہو گئے ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس وبھو کرشن نے یہاں ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ مرنے والوں میں 25 کی شناخت کرلی گئی ہے جبکہ پانچ کی شناخت کی کوششیں کی جارہی ہیں کچھ زخمیوں کے اہل خانہ اپنے مریض کو لے کر چلے گئے جبکہ 36 کا علاج مقامی میڈیکل کالج میں کیا جارہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ برہم مہورت سے قبل علی الصبح ایک سے دو بجے کے درمیان میلہ علاقے میں اکھاڑا مارگ پر بھاری بھیڑ کا دباؤ بنا اور بھیڑ کے اس دباؤ سے دوسری جانب کے بیریکیڈنگ ٹوٹ گئے اور لوگ بیریکیڈنگ پھلانگ کر دوسری جانب آگے جہاں عقیدت مند برہم مہورت کا انتظار کررہے تھے۔بھیڑ نے انہیں نہیں دیکھا اوران کو کچلنا شروع کردیا۔اگرچہ انتظامیہ نے اسی وقت راحت رسانی کا کام کرتے ہوئے بھیڑ کو قابو کیا۔اورایمبولنس سے 90 زخمیوں کو اسپتال میں داخل کرایا لیکن اس میں 30 عقیدت مندوں کی موت ہوچکی تھی۔کرشن نے بتایا کہ مہلوکین میں سے 25 کی شناخت ہوچکی ہے جبکہ دیگر کی شناخت کی جانی باقی ہے۔ان میں سے کرناٹک کے چار، آسام اورایک گجرات کے بھی شامل ہیں۔کچھ زخمیوں کو کنبے کے اراکین لے کر چلے گئے ہیں اور 36 زخمیوں کا علاج مقامی میڈیکل کالج میں چل رہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ عقیدت مندوں کی سہولیت کے لئے میلہ انتظامیہ نے ہیلپ لائن نمبر 1920 جاری کیا ہے جس پر زخمی کے بارے میں جانکاری حاصل کی جاسکے گی۔اس وقت حالات پوری طرح سے معمول پر ہیں۔وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے سبھی سنتوں، منڈلیشوروں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس امرت اسان کے شراکت دار بنیں۔عقیدت مندوں کی سہولیت کا دھیان رکھتے ہوئے اکھاڑوں نے امرت اسنان کیا جوبحسن خوبی اختتام کوپہنچ گیا۔کرشنا نے بتایا کہ امرت اسنان میں آج کوئی وی وی آئی پی یاوی آئی پی پروٹوکول نہیں تھا۔اور آنے والے امرت اسنان میں اس طرح کا کوئی نظم نہیں کیا جائے گا۔

## سپریم کورٹ نے مرکزی حکومت سے تین طلاق پر درج مقدمات کا ڈیٹا طلب کیا

نئی دہلی،29 جنوری (یواین آئی) سپریم کورٹ نے مرکزی حکومت سے کہا ہے کہ وہ مسلم خواتین (شادی کے حقوق کے تحفظ) کے تحت ممنوع تین طلاق کے ذریعے طلاق کے



معاملات میں مسلم مردوں کے خلاف ایکٹ، 2019 کے تحت دائر مقدمات اور چارج شیٹ کی تعداد کے اعداد وشمار پیش کرے۔عدالت عظمی نے آج مرکزی حکومت کو یہ ہدایات دیں۔چیف جسٹس سنجیو کھنہ اور جسٹس سنجے کمار کی بنچ نے تین طلاق کو جرم قرار دینے کو چیلنج کرنے والی عرضیوں پر سماعت کرتے ہوئے یہ حکم دیا۔بنچ نے سالیسٹر جنرل تشار مہتا سے پوچھا،"اب جب کہ تمام ٹرائلز سنٹرلائز ہو چکے ہیں...اب ہمیں بتائیں کہ کتنے کیس زیر التوا ہیں۔کیا دیگر ہائی کورٹس میں کوئی چیلنج زیر التوا ہے؟"مسٹر مہتا نے مرکز کی حمایت کرتے ہوئے قانون کا دفاع کیا۔انہوں نے کہا کہ خواتین کے تحفظ کے لیے یہ قانون ضروری ہے۔اس میں روک تھام (طلاق) کی دفعات ہیں۔اس پر بنچ نے کہا کہ مرکز نے تین طلاق کہنے کے عمل کو ہی سزا دی ہے۔درخواست گزاروں میں سے ایک کی طرف سے پیش ہونے والے ایڈوکیٹ نظام پاشا نے کہا کہ اب قانون کے تحت محض اعلان پر بھی سزا دی جاتی ہے۔سینئر ایڈوکیٹ ایم آر شمشاد نے عرضی گزار کی طرف سے پیش ہوکر دلیل دی کہ اس طرح کے بیانات اور جذباتی تشدد گھریلو تشدد ایکٹ کے تحت آتے ہیں۔تاہم،مسٹر مہتا نے کہا" یہ ایسے ہی ہے جیسے اگلے ہی لمحے سے آپ میری بیوی نہیں رہیں اور ایک انسان ہیں جسے ایک آدمی کی زندگی سے اور یہاں تک کہ اس کے گھر سے بھی نکال دیا گیا ہے۔"ہمیں نہیں لگتا کہ گھریلو تشدد اس ایکٹ اس کے تحت آئے گا۔"










# شہنائی شادی سنٹر

احمد مارکیٹ نزدیک ڈیزی ہوٹل ، دریاپور لنگر ٹولی چوراہا، پٹنہ-۸۰۰۰۰۴

"یہ خوشیاں برقرار رہے - یہ رشتہ برقرار رہے
زندگی میں کوئی غم نہ ہو - سپنوں کی بلندیاں کبھی کم نہ ہوں"

آج کے دور میں ہر ماں باپ مناسب رشتوں کے لئے پریشان ہیں۔ ایسے موقعہ پر میں آپ کے ہمیشہ ساتھ ہوں۔ لیکن یہ تب ہی ممکن ہے۔ جب آپ شہنائی شادی سنٹر میں آکر آپنے لڑکوں ولڑکیوں کے لئے مناسب رشتہ تلاش کریں۔


**20 سال سے آپ کی خدمت میں حاضر ہر ذات وبرادری کے لئے مناسب رشتہ موجود ہے۔**

Mob. : 9304666042 Mob. : 9334809427
Office : 7065104860 Mob. : 8873083006
Email : shahnai78@gmail.com

نوٹ: اتوار کو صبح 11 بجے سے 2.30 بجے تک آفس کھلی رہتی ہے۔

# لڑکوں میں اخلاقیات کی تعلیم ضروری

ارشد فیروز، ایم۔اے۔چیئرمین، گورنمنٹ اُردو لائبریری، پٹنہ۔موبائل نمبر۔9801304050



لڑکوں میں اخلاقیات کی تعلیم دینا دور حاضرہ کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔ کانونٹ اسکولوں میں نچلے درجہ سے ہی Moral Studies یا اخلاقیات کی پڑھائی ہوتی ہے۔ سماج میں اگر دیکھا جائے تو کانونٹ اسکولوں کے بچوں میں دوسرے اسکولوں کے بنسبت کچھ بہتر ڈسپلن دکھائی دیتا ہے۔ مدرسوں میں یا دینی اداروں یا تنظیموں میں بھی اخلاقیات پر توجہ دی جاتی ہے جس سے وہاں کے بچوں میں ڈسپلن دکھائی دیتا ہے لیکن سرکاری اردو یا ہندی اسکولوں میں اخلاقیات (Morality) کی پڑھائی پر کم زور دیا جاتا رہا ہے۔ اگر بچوں میں خاص کر لڑکوں میں اخلاقیات کی پڑھائی، اخلاقیات کا ذکر نہیں کیا جائیگا تو ایک اچھا شہری، بہتر شہری بننے یا بنانے کے امکان کم ہوتے چلے جائیں گے۔ سماج لڑکیوں کے پردے، لڑکیوں پر پابندی عائد کرنے میں ہی اپنی بہادری اور سمجھداری سمجھتے ہیں، لڑکوں پر کسی بھی طرح کی پابندی لگانے میں اپنے آپ کو قاصر محسوس کرتے ہیں۔ جتنے جرائم سماج میں ہوتے ہیں اُن میں بیشتر معاملوں میں عورتوں کے مقابلہ مرد ہی مجرم ہوتے ہیں۔ عورتیں زیادہ تر معاملوں میں مظلوم شکار (Victim) ہوتی ہیں۔ دہلی کا نربھیا کا دردناک، وحشیانہ واقعہ ہو، گجرات کے بلقیس بانو کا معاملہ ہو، منی پور میں عورتوں کے ساتھ وحشیانہ سلوک کا معاملہ ہے، بنگال میں خاتون ڈاکٹر کے ساتھ درندگی کا معاملہ ہو، کشمیر میں آصفہ کا دردناک معاملہ ہو اِن سب معاملات میں مجرم مرد ہی ہیں۔ لیکن سماج میں عورتوں کا پردہ عورتوں پر پابندی کی ہی باتیں ہوتی ہیں۔ آج کچھ سماج میں عورتوں لڑکیوں پر ایسی پابندی ہے اُنکا لباس ایسا کر دیا گیا ہے کہ وہ سنبھل کر ٹھیک سے دائیں بائیں دیکھ کر چلنے میں بھی پریشانی محسوس کرتی ہیں۔ اُنکے لباس کی وجہ سے انہیں بس میں چڑھنے، روڈ کراس کرنے، سڑک پر اچانک آوارہ جانوروں کے آ جانے سے ہونے والی پریشانی کا سامنا، اُن سے بچنے کی کوشش کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ لڑکیوں اور عورتوں پر اتنی پابندی عائد کرنے کی وجہ صرف اور صرف لڑکے اور مرد ہی ہیں۔ اُنہیں مرد کی بُری نظر، برے ارادے سے بچنے کے لئے اپنے آپ کو اس قدر ڈھانک کر رکھنا پڑتا ہے کہ نہ وہ ڈھنگ سے چل سکتی ہیں اور نہ مصیبت آنے پر دوڑ سکتی ہیں۔

ضرورت اِس بات کی ہے کہ بچوں اور لڑکوں کے درمیان اخلاقیات کی تعلیم کو عام کیا جائے۔ یہ تعلیم گھر سے، ماں باپ سے، اسکولوں سے، مدرسوں سے دی جا سکتی ہیں۔ اب لڑکوں پر پابندی عائد کرنے کی ضرورت ہے، نہ کہ لڑکیوں پر اور زیادہ ظلم کرنے کی اجازت دی جانی چاہئے۔ اُنہیں بھی کھلی ہوا میں سانس لینے کا حق ہے۔ بعض لڑکے جب چاہیں میلا ہو، بھیڑ بھاڑ کا علاقہ ہو کوئی مذہبی جلوس ہو، سیاسی ریلی ہو سبھی میں شامل ہوتے ہیں اور اس دوران اُنکا رویہ کافی جارحانہ ہوتا ہے۔ کسی کو تکلیف دینے میں انہیں افسوس نہیں ہوتا ہے بس اپنی مستی اور اپنی خماری میں جیتے ہیں اور ہنگامہ کرتے ہیں۔ اُن پر، اُن کے گھر سے، اُن کے بزرگ سے کوئی پابندی نہیں رہتی ہے۔ سارے سماج کو حکومت بہار کا شکر گذار ہونا چاہئے کہ آج بہار میں شراب بندی لاگو ہے جس وجہ کر حالات بہت خراب نہیں ہیں بلکہ نسبتاً کئی دوسرے صوبے سے بہتر حالات ہیں۔ چوری چھپے شراب پینے پلانے کی بات سامنے آتی ہے لیکن سڑک پر، بازار میں، پارک یا مال میں شراب کے نشے میں دھت انسان اب بہار میں شاید ہی کہیں دکھائی پڑتے ہوں۔ یہ ایک بڑا کام ہے لیکن اب بڑے پیمانے پر تعلیمی اداروں میں لڑکوں میں اخلاقیات کی تعلیم دینے اور مرد کی زندگی میں اسے شامل کرنے کی ضرورت ہے تا کہ ایک بہتر سماج بنایا جا سکے، لوگوں کو ایک دوسرے پر بھروسہ قائم ہو سکے۔ شریف لڑکے لڑکیاں گھر سے نکلنے میں، کام کرنے میں ڈر خوف محسوس نہ کریں۔

مجھے ایک واقعہ کی جانکاری ملی ہے کہ اڑیسہ کے ایک نہایت ہی مشہور یونیورسیٹی میں جہاں لڑکے لڑکیاں پڑھتے ہیں کسی لڑکے نے شام کے وقت یونیورسیٹی کے کیمپس میں کسی لڑکی سے بدتمیزی کی، اسکے بعد یونیورسیٹی نے شام کے وقت لڑکیوں کو اپنے ہاسٹل کے کمرے سے باہر نکلنے پر پابندی عائد کر دی اور یونیورسیٹی کے کھلے کیمپس میں جانے سے روکنے کا فرمان جاری کر دیا۔ غور سے دیکھا جائے یا غیر جانبداری سے سوچا جائے تو کیا ایسی مثال پیش نہیں کی جا سکتی تھی کہ شام میں لڑکوں کے ہاسٹل کے کمرے سے نکلنے یا کیمپس میں جانے پر پابندی عائد کر دی جاتی۔ یہاں بھی یونیورسیٹی کے ایڈمینسٹریشن نے لڑکیوں پر ہی پابندی لگانا آسان سمجھا۔ مطلب مظلوم شکار (Victim) کو ہی سزا دی گئی۔

اس طرح کے معاملات کو روکنے ہونگے۔ سماج میں لڑکوں کو شروع سے اخلاقی تعلیم دینی ہوگی۔ اچھے برے کا فرق سمجھانا ہوگا، غلط کام سے روکنا ہوگا تا کہ لڑکیاں، عورتیں بھی خوبصورت اور پرسکون ماحول میں جی سکے، کھلی ہوا میں سانس لے سکیں۔

# تبلیغی جماعت کے امیر حاجی غلام سرور صاحب کی شخصیت اوران کی خدمات

(ڈاکٹر عبید اللہ قاسمی 7004951343)

رانچی شہر میں کئی ایسے نامور لوگ ہوئے جنھوں نے توفیق الٰہی سے نور ہدایت ملنے کے بعد اپنی دینی و عملی خدمات کی بنیاد پر گمنامی کے اندھیرے سے نکل کر نیک نامی اور عوامی شہرت ومقبولیت کا درجہ اور مقام حاصل کر لیا انھیں میں سے ایک اھم اور بڑا نام تبلیغی جماعت کے امیر حاجی غلام سرور صاحب کا ہے، جناب حاجی غلام سرور صاحب بنیادی طور پر ہند پیڑھی گوالہ ٹولی کے رہنے والے تھے اور گدی برادری سے تعلق رکھتے تھے، تبلیغی جماعت سے منسلک ہونے سے پہلے ان کی زندگی لاابالی پن اور بے راہ روی کی تھی، ان کو راہ راست پر لانے کی محنت جماعت کے کئی مخلص ساتھوں نے کی، جن میں جمشید پور کے جناب حسن خان صاحب خاص طور پر قابل ذکر ہیں، جناب حسن خان صاحب غلام سرور صاحب کو صبح کی نماز کی پڑھنے کی عادت ڈالنے کے لئے صبح کی نماز سے پہلے بذریعہ سائیکل جمشید پور سے چل کر رانچی آتے اور غلام سرور صاحب کے ساتھ روزانہ صبحِ کی نماز پڑھتے، حسن خان صاحب کا یہ معمول اس وقت تک جاری رہا جب تک کہ غلام سرور صاحب پورے طور پر صبح کی نماز کے پابند نہیں ہو گئے، جب وہ صبح کی نماز جماعت کے ساتھ پابندی سے ادا کرنے کے عادی ہو گئے اور نماز کی اہمیت ومحبت ان کے اندر پیدا ہو گئی تو یہ سلسلہ حسن خان صاحب نے بند کر دیا کیوں کہ انھوں نے جب دیکھا کہ غلام سرور صاحب کے اندر دین کی وہ چنگاری جو پہلے سے ہر ایک مسلمان کے اندر موجود ہوتی ہے نماز کی پابندی اور دعوت کی محنت سے دھیرے دھیرے تیز ہونے لگی ہے اور چند مہینوں کے بعد ہی جب غلام سرور صاحب نے جماعت میں نکل کر چار مہینہ وقت لگایا تو اب ایک نئے غلام سرور نے جنم لیا، جو اب دین کا زبردست داعی بن گیا تھا، جس کے بعد غلام سرور صاحب کی زندگی میں اچانک انقلاب آ گیا اور انہوں نے پورے طور پر اپنے آپ کو بدل ڈالا اور جب عملی طور پر تبلیغی جماعت سے منسلک ہوئے اور اسی کو اپنی زندگی کا اوڑھنا بچھونا بنا لیا تو اللہ نے وہ عزت واحترام اور مقام عطاء کیا کہ لوگ آپ کی پچھلی زندگی کو بھول گئے اور جن لوگوں نے آپ کی زندگی کے دونوں پہلو کو دیکھا تھا تو وہ عش عش کرنے لگے اور سوچنے پر مجبور ہو گئے کہ کیا یہ وہی غلام سرور ہے جو کبھی ہمارا ساتھی ہوا کرتا تھا اور جو لاابالی پن اور بے راہ روی کی زندگی گزار رہا تھا اور آج خود ایمان وعمل کے راستے پر چل کر دوسروں کو بھی اسی راستے پر چلنے کی دعوت دے رہا ہے اور جسے اللہ نے اپنے فضل وکرم سے ہزاروں انسانوں کی ہدایت کا ذریعہ بنا دیا، حاجی غلام سرور صاحب ایمان وعمل کے بہت مضبوط انسان تھے، آپ نے اپنے ابتدائی دور میں پیدل اور سائیکل میں گھوم پھر کر گاؤں گاؤں لوگوں کو کلمہ، نماز اور مسجد سے جوڑنے کی محنت کی ہے اور ساری زندگی اسی دعوت وتبلیغ کی محنت سے جڑے رہے، رانچی میں 1960 میں مولانا جمیل اختر صاحب کی محنت وکاوش سے ہند پیڑھی بڑی مسجد میں دعوت وتبلیغ کا مرکز قائم ہوا، مرکز نظام الدین دہلی کی طرف سے مولانا جمیل اختر صاحب رانچی کے سب سے پہلے امیر جماعت نامزد کئے گئے لیکن بڑی مسجد کی امامت وخطابت اور مدرسہ دارالقرآن کی نظامت و اہتمام کی ذمہ داریوں کے پیش نظر چند سالوں کے بعد آپ نے تبلیغی جماعت کے امیر کی ذمہ داری ادا کرنے سے اکابرین کے سامنے معذرت کر لی جسے قبول کرتے ہوئے آپ کی جگہ مرکز نظام الدین دہلی کے اکابرین نے گدری قریشی محلہ رانچی کے ماسٹر منیر الدین صاحب کو رانچی کی تبلیغی جماعت کا امیر نامزد کر دیا، ماسٹر منیر الدین صاحب بڑے نیک اور سیدھے سادے انسان تھے اور سرکاری اسکول میں درس وتدریس کی ذمہ داریوں سے وابستہ تھے، دعوت وتبلیغ میں لگے ہوئے چند مخلص ذمہ دار ساتھیوں نے محسوس کیا کہ رانچی میں دین کی محنت اور



مسلمانوں کو مسجد اور اس کے اعمال اور پورے طور پر دین سے جوڑنے کے لئے ایک ایسے بااثر شخص کی ضرورت ہے جو ہمہ وقت پورے علاقے میں دین کی دعوت ومحنت کی فکر میں لگا رہے اور دعوت کے کام کو آگے بڑھانے کے لئے ایسے افراد تیار کرے جو اس کے ساتھ ایک قافلہ کی شکل میں دین کی محنت کا کام کریں، دعوت کے کام سے منسلک رانچی کے چند پرانے ساتھوں کی نظر جناب غُلام سرور صاحب کی طرف گئی تو ان کی رائے اور مشورے سے مرکز نظام الدین دہلی کے اکابرین نے ماسٹر منیر الدین صاحب کی رضامندی سے ان کی جگہ حاجی غلام سرور صاحب کو تبلیغی جماعت کا امیر نامزد کر دیا، پھر کیا تھا، جناب حاجی غلام سرور صاحب کے امیر تبلیغی جماعت بنتے ہی ان کی دن رات کی محنت وکاوش سے راں چی کا دینی ماحول ہی بدل گیا، دین سیکھنے اور سکھانے کے لئے اللہ کے راستے میں جماعتیں کثرت سے نکلنے لگیں، دینی ماحول قائم ہونے لگا، دینی مزاج پیدا ہونے لگا، مسلمان اپنے بچوں کو حافظ قرآن اور عالم بنانے کا ارادہ کرنے لگے، چھوٹے چھوٹے مکاتب اور مدارس قائم ہونے لگے، یہ سب دعوت وتبلیغ کی محنت کا نتیجہ ہے اور اس مجنت کے پیچھے حاجی غلام سرور صاحب کی شخصیت اور ان کی دعوتی خدمات کا اثر ہے جس کا اعتراف ہمیں کھلے دل سے کرنا چاہیے، جناب حاجی غلام سرور صاحب کا ایک بجاج اسکوٹر تھا جس سے وہ راں چی کے گاؤں گاؤں میں جہاں سڑکیں آج کی طرح پکی اور ہموار نہیں تھیں بلکہ عموماً سڑکیں کچی تھیں وہاں جا کر لوگوں کو دین کی محنت کی دعوت دیتے اور زندگی میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع اور پیروی کی ترغیب دیتے، اسی اسکوٹر سے ایک ایک دیہات میں ہونے والے جوڑ میں شرکت کرتے اور لوگوں کے اندر ایمانی جوش پیدا کرتے اور مسجد سے جڑنے اور دعوت وتبلیغ میں وقت لگا کر اور اللہ کے راستے میں نکل کر اپنی زندگیوں کو ایمان وعمل سے سنوارنے کی ترغیب دیتے، حاجی غلام سرور صاحب نے تبلیغی جماعت کے امیر کی ذمہ داریوں کو ساری زندگی بحسن ونبھایا، بعض اوقات آپ کو بہت ہی صبر آزما حالات کا سامنا کرنا پڑا لیکن آپ دین کے معاملے میں ہمیشہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑے رہے، آپ کی دعوتی خدمات کا نتیجہ ہے کہ رانچی اور اس کے قرب وجوار میں بہت سارے وہ لوگ جو دین وایمان سے کوسوں دور تھے دعوت و تبلیغ کے سپاہی بن کر کھڑے ہو گئے اور اپنے اپنے علاقے میں دعوت وتبلیغ کی ذمہ داریوں کو بحسن وخوبی انجام دے رہے ہیں، حاجی غلام سرور صاحب ایک مردم شناس انسان تھے وہ ہر آنے والے اور ملاقات کرنے والے کی غرض وغایت اور منشاء کو اس کے طرز وعمل اور اس کی حرکات وسکنات اور اپنے لمبے تجربات کی بنیاد پر فوراً بھانپ لیتے اور سمجھ جاتے تھے اور دعوت وتبلیغ کے کام کی نزاکتوں سے بہت اچھی طرح واقف تھے، دہلی سے جب بھی اکابرین کی جماعت آتی تو آپ ان کی مہمان نوازی کسی امیر ترین شخص کے یہاں نہ کر کے جماعت ہی کے ساتھیوں کے یہاں کرتے تا کہ دعوت وتبلیغ کے کام میں لگے ہوئے ساتھیوں کی دل شکنی نہ ہو اور وہ احساس کمتری کا شکار نہ ہوں بلکہ ان کے اندر خوداعتمادی اور حوصلہ افزائی کا جزبہ پیدا ہو، رانچی کی تبلیغی جماعت کا امیر اور بہار کی مجلس شوریٰ کا ذمہ دار ہونے اور شہر و دیہات کے امیر ترین اور دولت مند افراد سے رابطہ وتعلق کے باوجود آپ کی سادگی، بزرگی اور فقیرانہ زندگی ایک مثال تھی، آپ چاہتے تو شہر میں کئی جگہ آپ کی عالیشان بلڈنگ ہوتی، چار پہیہ گاڑی ہوتی اور لمبا چوڑا کاروبار ہوتا لیکن سب جانتے ہیں کہ آپ کی معاش کا سب سے بڑا ذریعہ مین روڈ پر واقع چھوٹی سی ایک پان کی دوکان تھی جو آج بھی ہے، مین روڈ املی ٹولہ میں واقع آپ کا مکان آج بھی آپ کی سادگی اور فقیرانہ زندگی کو بیان کرتا ہوا نظر آئے گا، حاجی غلام سرور صاحب کی کوئی اولاد نہیں تھی لیکن دعوت وتبلیغ کے کام میں وقت لگانے اور اس کے لئے جان ومال کی قربانی دینے والے نوجوانوں کو وہ اپنی اولاد سے بڑھ کر مانتے اور چاہتے تھے جن کی ایک لمبی فہرست ہے، انھوں نے اپنی پوری زندگی دعوت وتبلیغ کے کام میں کھپا کر نوجوانوں کی ایک پوری جماعت کھڑی کر دی جو ان کے لئے ثواب جاریہ کے طور پر آج بھی کام کر رہی ہے، اپنے ہم عمر لوگوں کو امیر صاحب اپنے ساتھوں کا درجہ دیتے تھے اور ان کا بہت اعزاز و اکرام کرتے تھے، رانچی کے بزرگ علماء میں مدینہ مسجد کے امام وخطیب حضرت مولانا قاری علیم الدین قاسمی صاحب کو بہت مانتے اور ان کا بہت اعزاز واکرام کرتے تھے، ان کے بعد رانچی کے نوجوان علماء میں امیر صاحب مجھے بہت مانتے تھے اور میری حمایت میں ہمیشہ کھڑے ہو جاتے تھے اور میری حوصلہ افزائی فرماتے رہتے تھے، جب کانٹا ٹولی رانچی کے ایک جلسہ میں دھوکے سے کچھ شرپسندوں نے مجھ پر جان لیوا حملہ کیا تھا تو امیر صاحب نے میری حمایت میں وہ کام کیا جو ایک باپ اپنے بیٹے کے لئے کرتا ہے ان کے ایک فرمان پر پوری رانچی بند کروا دیا گیا تھا، جناب حاجی غلام سرور صاحب بارعب شخصیت کے مالک تھے، کسی سے جلدی مرعوب نہیں ہوتے تھے اور حق گوئی میں کسی کی لعنت ملامت کی پرواہ نہیں کرتے تھے، نہ ان کو کوئی خرید سکتا تھا اور نہ ہی ان کو کوئی ڈرا دھمکا سکتا، جمعہ کی شب بڑی مسجد مرکز اور راعین مسجد میں منگل مشورہ کے دن پورے علاقے کی دینی ضروریات اور تقاضے کو سامنے رکھ کر مشورے کے بعد اپنے صواب دید کے مطابق بطور امیر فیصلہ فرماتے، آپ نے اپنی زندگی میں اور اپنی سرپرستی میں جھارکھنڈ اور بہار میں سینکڑوں تبلیغی اجتماعات کروائے جس کے دوررس نتائج پیدا ہوئے، آخیر عمر میں شوگر کی بیماری نے آپ کو کمزور کر دیا تھا اس کے باوجود جب تک جان میں جان رہی اور ہوش وحواس باقی رہا آپ جمعہ کی شب بڑی مسجد مرکز میں اپنی دینی اور دعوتی خدمات انجام دیتے رہے اور اپنے تجربات سے راں چی والوں کو فیض یاب کرتے رہے، 20 رمضان المبارک کے دن 2022 کو آپ کا اِنتقال ہوا، آپ کی نماز جنازہ ہرمو عیدگاہ رانچی میں ادا کی گئی، جنازے میں جھارکھنڈ کے ہر ایک ضلع اور بہار سے آئے لوکوں کا سیلاب امنڈ پڑا، لوگوں کی جنازے میں بھیڑ کی وجہ سے پورا اپر بازار، راتو روڈ اور مین روڈ جام ہو گیا، لوگوں کی بھیڑ دیکھ کر پولس انتظامیہ کے اعلیٰ افسران حیرت وتعجب میں پڑ گئے اور کہنے لگے کہ رانچی میں اتنی عوامی شہرت ومقبولیت والے لوگ رہتے تھے ہمیں آج معلوم ہوا، موت کے بعد جن کی عزمت اور ان کی بزرگی کا یہ حال ہے تو زندگی میں ان کی کوئی بڑی خدمات ضرور رہی ہوں گی، حاجی غلام سرور صاحب کی شخصیت اور ان کی خدمات یقیناً ایسی رہیں جس کو بھلایا نہیں جا سکتا، انہوں نے اپنی ساری زندگی دعوت وتبلیغ کی محنت میں لگا دی اور کام کرنے والوں کی ایک جماعت کھڑی کر دی، اللہ تعالیٰ حاجی غلام سرور صاحب کی مغفرت فرمائے اور ان کے درجات بلند فرمائے آمین ثم آمین

## چوڑی اور سینہ جوڑی بھی

آج کل پورے کے پورے مضمون کو نگل جانے کا رواج اور چلن عام ہے، جب عام لوگ چوری چماری کرتا ہے تو تکلیف کم ہوتا ہے، لیکن بہت دکھ پہنچتا ہے جب ایک پڑھا لکھا طبقہ ایک اخبار کے آفس میں بیٹھ کر پورے مضمون کو ہی ہضم کر جاتے ہیں، بھول چوک یا غلطی پر نشاندہی کی جاتی ہے تو الٹا ہی چور کوتوال کو ڈانٹنے لگتا ہے،، جانے یا انجانے میں بھول چوک عام بات ہے، کوئی بھی انسان بھول چوک یا خطاء سے مبرا نہیں ہے، صحافت کے اصول وضوابط ہیں، اس پر چلنا ہر اخبار کے ذمہ داروں کو پورا اترنا نہایت ہی ضروری ہے، اگر اخبار میں غلطی سے کچھ غلط چھپ جاتا ہے یا بھول چوک ہوتا ہے تو دوسرے دن کے شمارہ میں نشاندہی کیا جاتا ہے، ادارہ معذرت خواہ ہوتا ہے، چھوٹے چھوٹے نام نہادان پڑھ لوگوں کے نزدیک بڑی غلطی کا بھی کچھ احساس نہیں ہوتا ہے، بس اپنی دوکان چمکانے کی فکر ہوتی ہے، غلطی اور معذرت کے بجائے مضمون نگار کو کہنا کہ اپنا مضمون مت بھیجئے بہت افسوسناک اور شرمناک ہے، جس کی دوکان ہی عوام کے سہارے اور ایک دوسرے کی مدد سے چلتی ہے اور اسی کے بدولت اخبار کے ملازم واڈیٹر کی تنخواہ جاتی ہے اور بڑے بڑے کارپوریٹر حضرات فائدہ اٹھاتے ہیں۔ راقم الحروف اپنا ایک مضمون روزنامہ جمہوریت ٹائمز میں بھیجا، اس میں میرا مضمون چھپ گیا، میرے نام کی جگہ محمد علیم الدین کا نام تھا، یہ ہیر پھیر آفس کا کوئی ملازم ہی کر سکتا ہے اور کوئی دوسرے کے بس کی بات نہیں ہے، جب اخبار کے اڈیٹر شفیق انصاری کو فون کیا تو اظہار شرمندگی کے بجائے، ملازمین سے پوچھ تاچھ کرنے سے پہلے ہی میرے ساتھ بدتمیزی کرنے لگے، میری بات سننے کے بجائے اپنی ہی وکالت پیش کرنے لگے کہ آپ اپنا مضمون مت بھیجئے، چور چوری بھی کریں گے کسی کی محنت کو ہضم بھی کر جائیں گے اور کوئی تنبیہ بھی نہیں کرے گا، غلطی پر نشاندہی کرنا بھی جرم عظیم ہے کیا؟ جس کی بدولت روزی روٹی کھا رہا ہے، اسی کے زبان سے ایسی بے تکی بات کی مذمت کرتا ہوں، ایسے گندے اڈیٹر اور چور ڈکیٹ ملازم کو فوراً نکال دینا چاہیئے جو جھوٹی واہ واہی کے خاطر کسی مضمون نگار اور قلمکار کے نام کے ساتھ چھیڑ خانی کرتے ہیں۔

محمد قمر عالم ندوی
سیتامڑھی، بہار، انڈیا

# غریبوں اور لاچاروں کے درمیان رہنے والے نوجوانوں کے رہنما دانش ملک ایک بار پھر اسمبلی انتخابات میں پرچم بلند کریں گے



(بہار شریف محمد آفتاب) نوجوان رہنما اور سماجی کارکن دانش ملک جو کہ نوجوانوں کے دلوں میں بستے ہیں اور بہار شریف میونسپل کارپوریشن کے ڈپٹی میئر کے بیٹے اور نمائندے ہیں دلوں میں بسنے والے بے سہارا لوگوں کی مدد کر کے لوگوں کے دلوں میں گھر کر چکے ہیں۔ بہار شریف اسمبلی کے دن رات شہر میں نوجوان لیڈر کا چرچا ہے کیونکہ شہر کے ووٹروں کا کہنا ہے کہ ایک ہی ایم ایل اے دو تین بار جیتا ہے لیکن جیتنے کے بعد شہر میں نظر نہیں آتا۔ چنانچہ اس بار بہار شریف اسمبلی حلقہ کے ووٹرز نے کہا کہ اس بار ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ نوجوان رہنما دانش ملک کو فتح کا ہار پہنا کر اسمبلی میں بٹھا دیں گے کیونکہ بہار شریف اسمارٹ سٹی ضرور بن چکا ہے لیکن ایسا ہوتا ہے۔ ہوشیار نظر نہیں آتے، اس بار بہار شریف اسمبلی حلقہ میں تبدیلی آئے گی، اس دوران راجیو کمار، انیل پانڈے، ببلو کمار، روہت رویداس، پپو کمار، ساحل پاسوان، محمد ریاض احمد، سرفراز یوسف، محمد۔ کامران، شہر کے محمد رشید نے نالندہ کے بیورو چیف محمد سے بات کی۔ آفتاب سے بات کرتے ہوئے ان لوگوں کا کہنا تھا کہ یہ انتہائی بدقسمتی کی بات ہے کہ یہاں ایم ایل اے ہونے کے باوجود شہر میں کہیں بھی کوئی تبدیلی نظر نہیں آئی اس لیے ہم نے اس بار نوجوان لیڈر کو منتخب کرنے کا فیصلہ کیا ہے صرف اسے ایم ایل اے بنانے سے کچھ تبدیلی آئے گی۔ شہر میں دیکھا گیا، اس دوران سرفراز یوسف نے کہا کہ پیراشوٹ کے ذریعے آنے والے شہر میں گھر گھر گھوم رہے ہیں اور عوام کا ووٹ کمانے کے لیے خود کو سماجی کارکن کہہ رہے ہیں، ایسے لوگ کمبل بانٹ رہے ہیں، ٹیکس بروکر یوٹیوبرز کے ذریعے غریبوں کا مذاق اڑا رہے ہیں۔

# یوگی کی بی جے پی حکومت مہا کمبھ میں مونی اماوسیہ کے غسل سے پہلے بھگدڑ میں لاتعداد ہندو عقیدت مندوں کی موت کے لیے 100 فیصد ذمہ دار



یوگی حکومت کو اخلاقی بنیادوں پر فوراً استعفیٰ دے دینا چاہیے۔، وجے شنکر نائک یہ باتیں آج آدیواسی مول واسی جنادھیکر منچ کے مرکزی نائب صدر اور سابق ایم ایل اے امیدوار وجے شنکر نائک نے مہا کمبھ میں مونی اماوسیہ کے موقع پر نہانے سے قبل بھگدڑ میں لاتعداد ہندو عقیدت مندوں کی موت پر اپنے ردعمل میں کہیں۔ ہندو عقیدت مندوں کی موت پر غم کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یوپی حکومت کو مرنے والوں کے لواحقین کو 50 لاکھ روپے اور زخمیوں کے لواحقین کو 10 لاکھ روپے کے معاوضے کا اعلان کرنا چاہیے اور بھگدڑ میں گم ہونے والوں کو تلاش کرنے اور دوبارہ ملنے پر توجہ دینی چاہیے۔ ان کے زیر کفالت حکومت کو ایک اہم کردار ادا کرنے کے لیے حکمت عملی بنانا چاہیے۔ شری نائک نے وزیر اعظم اور وزیر داخلہ سے یہ بھی درخواست کی کہ یوپی حکومت کے غیر موثر انتظام کی وجہ سے جان و مال کے نقصان کا اتنا بڑا واقعہ پیش آیا ہے، اس لیے مرکزی حکومت کو چاہیے کہ وہ پورے مہا کمبھ کا انتظام ان کے حوالے کرے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ یوپی حکومت کو عوام کی فکر کرنے کے بجائے اپنے فوٹو سیشن میں مصروف ہونا چاہئے۔ وی آئی پی کلچر اور عقیدت مندوں کی حفاظت کے لیے جو اقدامات کیے جانے چاہیے تھے وہ نہیں کیے گئے۔ مسٹر نائک نے یہ بھی کہا کہ مہا کمبھ میں آج مونی اماوسیہ غسل کے موقع پر ہونے والی بھگدڑ اور ہنگامہ آرائی، تیاریوں میں لاپرواہی اور عام عقیدت مندوں کے جان و مال کے نقصان کے لیے بی جے پی حکومت براہ راست ذمہ دار ہے۔ مہا کمبھ کے انتظامات کرنے اور اس کی فکر کرنے کے بجائے، بی جے پی حکومت نے اسے اپنے فوٹو اور ویڈیو سیشن کا مرکز بنا دیا، جن وزراء کو بھکتوں کی تیاریوں کی ذمہ داری دی گئی تھی

# پرشورام سیوا سہایاتا فاؤنڈیشن کے ریاستی صدر پنڈت منیش مشرا، جنرل سکریٹری آشوتوش کمار اور درجنوں ریاستوں/ اضلاع کے تنظیم کے عہدیداروں کے ساتھ منعقدہ

پرشورام سیوا سہایاتا فاؤنڈیشن کے ریاستی صدر پنڈت منیش مشرا، جنرل سکریٹری آشوتوش کمار اور درجنوں ریاستوں/ اضلاع کے تنظیم کے عہدیداروں کے ساتھ منعقدہ اس اہم مباحثے میں پرشانت کشور جی نے بہار کی موجودہ صورتحال اور اس کے مستقبل کے مواقع پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا۔ بہار کے مختلف اضلاع کے نمائندوں نے اس بحث میں حصہ لیا اور اپنے خیالات اور تجربات کا اظہار کیا۔ بحث کے دوران پرشانت کشور جی نے بہار کی سماجی، اقتصادی اور سیاسی حالت پر روشنی ڈالی اور ان کی ترقی کے لیے ضروری اقدامات پر زور دیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بہار کے لوگوں کو اپنے حقوق اور مفادات کے لیے متحد ہونے کی ضرورت ہے۔ میٹنگ میں مختلف اضلاع اور ریاست کے عہدیداروں نے شرکت کی؛ مسٹر سدھناتھ تیواری، اشوک پانڈے، ناگیندر پانڈے، سوریا دیو پانڈے، سوریا دیو پاٹھک، سنتوش دویدی، لال بابا، مرتیونجے بابا، رجنیش تیواری، امن کمار، پرکاش جی، راکیش دویدی۔ اور ایک درجن تنظیموں کو ریاستی قیادت منیش مشرا نے ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں اور اضلاع میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہوئے تنظیم کو مضبوط بنائیں تاکہ آپ کی اپنی مقبول تنظیم پرشورام سیوا سہایاتا فاؤنڈیشن بہار کا رابطہ نمبر 09973044745 ہو۔



# بی جے پی اپنے کام کی بنیاد پر الیکشن لڑے: کیجریوال



نئی دہلی، 29 جنوری (یو این آئی) عام آدمی پارٹی (اے اے پی) کے قومی کنوینز اروند کیجریوال نے کہا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کو اپنے کام کی بنیاد پر الیکشن لڑنا چاہئے لیکن وہ دہلی کے لوگوں کو بیمار کر کے الیکشن لڑنا چاہتی ہے۔ بادلی کے امیدوار اجیش یادو اور تیمار پور کے امیدوار سریندر پال سنگھ بٹو کی حمایت میں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر کیجریوال نے کہا کہ دہلی کے لوگوں نے ہمیں بہت پیار اور آشیرواد دیا۔ ہم سب مل کر اپنے تن من دھن سے عوام کی خدمت میں مصروف ہیں۔ ہم نے 24 گھنٹے بجلی فراہم کی۔ بی جے پی کی 20 ریاستوں میں حکومت ہے لیکن کسی بھی ریاست میں 24 گھنٹے بجلی نہیں ہے۔ اگر غلطی سے کمل کا بٹن دبا دیا تو جس طرح ان کی 20 ریاستوں میں بجلی نہیں آتی اسی طرح دہلی میں بھی بجلی غائب ہو جائے گی۔ دہلی میں پورے ملک میں سب سے سستی بجلی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہلی میں سرکاری اسکول بہت شاندار ہو گئے ہیں۔ سرکاری اسکولوں میں پڑھنے والے بچے اور ان کے والدین دونوں خوش ہیں۔ بی جے پی کی حکومت والی ریاستوں میں سرکاری اسکولوں کی حالت خراب ہے۔ دہلی کے لوگ غلط بٹن نہیں دبائیں گے بلکہ جھاڑو کا بٹن دبائیں گے۔ کمل کا بٹن بہت خطرناک ہے۔ اگر اس کو دبا دیا تو تمام سرکاری اسکول دوبارہ کھنڈر بن جائیں گے۔ بڑی مشکل سے اسکولوں کو ٹھیک کیا گیا ہے۔ اے اے پی کے لیڈر نے کہا کہ دہلی میں شاندار محلہ کلینک بنائے گئے ہیں۔ وہاں تمام علاج مفت ہے۔ بی جے پی نے اعلان کیا ہے کہ اگر ان کی حکومت بنتی ہے تو پوری دہلی سے تمام محلہ کلینک بند کر دیے جائیں گے۔ اگر بی جے پی اقتدار میں آتی ہے تو وہ خواتین کے لیے مفت بس سفر بھی بند کر دے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم دہلی میں مفت بجلی اور پانی فراہم کرتے ہیں لیکن مجھے معلوم ہوا ہے کہ بہت سے کرایہ داروں کو یہ سہولیات نہیں مل رہی ہیں۔ انتخابات کے بعد ہم ایسا نظام نافذ کریں گے کہ کرایہ دار بھی مفت بجلی اور پانی کا فائدہ اٹھانے لگیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس کو ووٹ دے کر آپ اپنا ووٹ ضائع کریں گے۔ کانگریس کو جیتنا نہیں ہے۔ وہ صرف ووٹ کاٹ دے گی۔ کانگریس اور بی جے پی کے درمیان اندرونی سیٹنگ ہو گئی ہے۔ دونوں ایک ساتھ الیکشن لڑ رہے ہیں۔ یہ دونوں ایک ساتھ الیکشن نہیں لڑ رہے ہیں کہ انہیں دہلی کی ترقی کرنی ہے۔ وہ ایک ساتھ الیکشن لڑ رہے ہیں کیونکہ انہیں عام آدمی پارٹی کو ہرانا ہے۔

# دہلی انتخابات کا نتیجہ این ڈی اے کے حق میں ہوگا: شراون

پٹنہ، 29 جنوری (اسٹاف رپورٹر) بہار کے دیہی ترقی کے وزیر شراون کمار نے دعویٰ کیا ہے کہ دہلی کے انتخابی نتائج نیشنل ڈیموکریٹک الائنس (این ڈی اے) کے حق میں ہوں گے۔ بدھ کو جے ڈی یو کے ریاستی دفتر میں منعقدہ عوامی سماعت پروگرام میں مسٹر کمار ریاست کے مختلف اضلاع سے پہنچے عام لوگوں کے مسائل سے روبرو ہوئے اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات دیں۔ اس دوران مسٹر کمار نے مہا کمبھ میں پیش آنے والے حادثے پر گہرے دکھ کا اظہار کیا اور مرنے والوں کے تئیں گہری تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھگدڑ کا واقعہ انتہائی افسوسناک ہے اور میں تمام زخمیوں کی جلد صحت یابی کی خواہش کرتا ہوں۔ اس افسوسناک واقعے پر اپوزیشن جماعتیں سیاست کرنے کی بجائے حکومت کو صحیح تجاویز دیں تاکہ آئندہ کبھی ایسا نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ دہلی اسمبلی الیکشن کا نتیجہ این ڈی اے کے حق میں آئے گا، وہاں کے لوگ پوری طرح سے تبدیلی کے موڈ میں ہیں۔ اس بار کانگریس پارٹی اور عام آدمی پارٹی کے درمیان ڈھنگ سے سمجھوتہ نہیں ہوا ہے، اس لیے دونوں ایک دوسرے پر سیاسی حملے کر رہے ہیں۔

# بی جے پی جے ڈی یو مسورہی سمیت پورے ضلع میں جنون اور جرائم کو بڑھا رہی ہے

پٹنہ آئین مخالف منووادی طاقتیں، ہوش میں آو، پھلواری شریف کے ایم ایل اے گوپال روی داس پر ذات پات پر مبنی تبصروں اور توہین کے خلاف ضلع گیر پروگرام کے تحت مسورہی میں ترنگا مارچ کے نام پر ایک مسلم نوجوان پر جان لیوا حملہ کرنے والے مجرموں کو گرفتار کرو۔ مسورہی، دھنا روا، پنپن سمیت پالی گنج، دلہن بازار، وکرم نوبت پور، بیہٹا، سمپچک، فتوہا کے علاقوں میں ایک احتجاجی مارچ نکالا گیا، اس مارچ کے ذریعے بی جے پی کے سابق ایم پی اور جے ڈی یو کے لوگ مسلسل جنون اور جرائم کو بڑھاوا دے رہے ہیں۔ مسورہی حکومت، انتظامیہ اور مجرموں کے درمیان گٹھ جوڑ جاری ہے اور بے قصور لوگوں کو جھوٹے مقدمات میں پھنسایا جا رہا ہے اور ان کی توہین کی جا رہی ہے۔ ایم ایل اے گوپال رویداس پر جاگیردارانہ جرائم بی جے پی جادیو کی قیادت میں کر رہے ہیں، جو ابھی تک وزیر اعلیٰ اور سابق وزیر اعلیٰ کی وجہ سے نہیں ہوئے جو پروٹوکول پر عمل نہیں کرتے ہیں۔ جاگیردار مجرموں کے ذریعے اسکول کا افتتاح اور آئین کی تمہید کی تنصیب کرتھولہ میں حکومت کے کہنے پر بی جے پی کے مجرموں نے کی تھی۔ درحقیقت یہ پورے بہار اور غریبوں کی توہین ہے، جسے جے ڈی یو بی جے پی حکومت تحفظ فراہم کر رہی ہے، یہ مسورہی میں چھرا گھونپ کر موت کا تیسرا واقعہ ہے۔ مہینہ سندر لال یادو مسوری میں محمد سمیر کو چاقو مارنے اور قادر گنج کے علاقے میں ایک نوجوان کو چھرا گھونپنے کے واقعات پیش آئے ہیں اور یہاں ڈی ایس پی اور ایس ایچ او کا دوہرا کردار ہے۔ بی جے پی-جے ڈی یو حکومت کے حکم پر دلتوں کو صرف اس وقت جیل بھیجا جا رہا ہے جب وہ کرار یہ میں ریپ کے واقعہ کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں۔) کرار یہ میں ریپ کے واقعہ کے خلاف احتجاج کرنے والوں کو جھوٹے مقدمات میں پھنسا کر جیل بھیجنے والوں پر یہ دوہرا بلڈوزر اور حملہ کیا جا رہا ہے خواہ ایف آئی آر درج نہ ہو۔ پولیس اسٹیشن میں اس کے برعکس مجرموں کے نام بتا کر لوگوں کو تنگ کیا جا رہا ہے جس سے بی جے پی کا دوہرا کردار بے نقاب ہو رہا ہے





